Hamarey qaul o amal main tazad kitna hay
Magar yeh dil hay keh khush aiteqad kitna hay

Ke jaisay rang he lay aega lahoo apna
Wafa pay apni hamain aitemad kitna hay

Yeh jaanta hay keh wada shikan hey who phir bhi
Dil us kay wada e-farda pay shaad kitna hay

Isi pe saaray muraasim ka inhisaar hay ub
Kisi ki zaat say hum ko mafad kitna hay

Woh jis nay mujh ko faraamosh kar diya yak sar
Who shakhs mujh ko magar ab bhi yaad kitna hay

Har aik soch main aaloodgi hawas ki hay
Ragon main qatra-e- khoon ka fasad kitna hay

Hey yun to merey raqeebon main ikhtelaf bahut
Meray khilaaf magar ittahad kitna hay

غزل

ہمارے قول وعمل میں تضاد کتنا ہے
مگر یہ دل ہے، کہ خوش اعتقاد کتنا ہے

کہ جیسے رنگ ہی لے آئے گا لہو اپنا
وفا پہ اپنی ہمیں اعتماد کتنا ہے

یہ جانتا ہے کہ وعدہ شکن ہے وہ پھر بھی
دل اس کے وعدۂ فردا پہ شاد کتنا ہے

اسی پہ سارے مراسم کا انحصار ہے اب
کسی کی ذات سے ہمکو مفاد کتنا ہے

وہ جس نے مجھ کو فراموش کر دیا یکسر
وہ شخص اب بھی مگر، مجھکو یاد کتنا ہے

ہر ایک سوچ میں، آلودگی ہوس کی ہے
رگوں میں قطرہ خوں کا فساد کتنا ہے

ہے یوں تو میرے رقیبوں میں اختلاف بہت
مرے خلاف مگر اتّحاد کتنا ہے

'ارتعاش'



Copyrights (C) Reserved by Author